رہبر معظم کی موجودگي میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی عظیم قربانی کی یاد میں مجالس عزا - 6 /Jan/ 2009

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگی میں سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے باوفا ساتھیوں کی عظیم قربانی کی یاد میں مجلس عزا منعقد ہوئی ۔

مجلس عزامیں عوام کے مختلف طبقات سے وابستہ ہزاروں افراد اورحکومت کے بعض اعلی حکام نے بھی شرکت کی ، خطباء و ذاکرین اہلبیت علیہم السلام نے امام حسین (ع) کی تحریک اور فلسفہ قیام کے مختلف پہلوؤں پرروشنی ڈالی اور مصائب و نوحے پیش کئے ، واضح رہے کہ ان مجالس کا آغاز سات محرم سے ہوا ہے جوجمعرات گیارہ محرم تک جاری رہےگا۔